# 9374 - ڈیوٹی کے دوران قرآن مجید کی تلاوت کرنا

## سوال

میں ایك ملازم شخص ہوں اور دوران ڈیوٹی فارغ اوقات میں قرآن مجید کی تلاوت کرتا رہتا ہوں، لیکن میرا افسر مجھے یہ کہہ کر منع کرتا ہے کہ:
یہ ڈیوٹی ٹائم ہے، نہ کہ قرآن مجید کی تلاوت کا ٹائم، تو اس کا حکم کیا ہے ؟

## پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اگر آپ کے پاس کوئی کام نہیں اور آپ فارغ ہیں تو قرآن مجید کی تلاوت کرنے میں کوئی حرج نہیں، اور اسی طرح سبحان اللہ، لا الہ الا اللہ، اور اللہ تعالی کا ذکر کرنے میں بھی کوئی حرج نہیں، بلکہ یہ خاموش رہنے سے بہتر اور اچھا ہے.

لیکن اگر آپ کی تلاوت سے کام میں خلل ڈالے اور آپ کو کام سے متعلقہ کسی چیز سے مشغول کر کے رکھ دے تو پھر آپ کے لیے یہ جائز نہیں ہے؛ کیونکہ یہ وقت کام اور ڈیوٹی کے لیے خاص ہے، لھذا آپ کسی ایسے کام میں مشغول نہ ہوں جو آپ کو کام کرنے سے روك دے. .